# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

## First Term

## Urdu Grade 7

**School Name:** ____________________

www.schoolbasedassessment.pk www.schoolbasedassessment.pk

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : b | Q. No.2 : c | Q. No.3 : c |
| Q. No.4 : d | Q. No.5 : c | Q. No.6 : b |
| Q. No.7 : a | Q. No.8 : b | Q. No.9 : d |
| Q. No.10 : b | www.schoolbasedassessment.pk | |

## ANSWERS / RUBRICS

سوال نمبر10:

---

Official Website www.schoolbasedassessment.pk

آیٹم روبرک(اردو):

بدعنوانی کے خاتمے کا آغاز ہم اپنے گھر سے کرسکتے ہیں۔ صرف اس بات سے باخبر رہنے کی ضرورت ہے کہ جو آمدن گھر میں آرہی ہے اُس کے ذرائع کیا ہیں، کہیں ایسا تو نہیں کہ اس کا تعلق کسی ایسے کام یا کاروبار سے ہے جس کو دین میں حرام قرار دیا گیا ہے یا وہ قانونی اعتبار سے درست نہیں ہے۔ اولاد اپنے والدین سے، بیوی اپنے شوہر سے یا شوہر اپنی بیوی سے رزقِ حلال پر اصرار کرے۔ کاروبارِ زندگی میں سچائی کا دامن ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ خرید و فروخت میں اخلاق، نرم دلی اور حُسنِ سلوک کو پیشِ نظر رکھیں۔ وعدہ کریں تو ہر حال میں اُس کی پابندی کریں۔ کسی شے میں خرابی ہو تو خریدنے والے کو اُس خرابی سے ضرور آگاہ کریں۔ جائز منافع کمائیں۔ چند افراد کے ناجائز منافع کمانے کی ہوس اور لالچ پورے معاشرے کو مہنگائی اور غربت کی دلدل میں دھکیل دیتی ہے۔ دینی اصولوں اور قانونی ضابطوں کو ہر حال میں مقدّم رکھیں۔ حکومتی سطح پر سخت سے سخت قوانین بنائے جائیں جن پر مکمل اور بلاتفریق عمل داری ہو۔ بروقت انصاف اور متاثرین کی فوری دادرسی سے ہم اس ناسُور پر قابو پاسکتے ہیں۔ اللہ کریم ملکِ پاکستان کو ہر بُرائی سے محفوظ فرمائے۔ آمین!

www.schoolbasedassessment.pk

:نمونہ جواب

بدعنوانی کے خاتمے کا آغاز ہمیں اپنے گھر سے کرنا چاہیے۔ ہر فرد کو چاہیے کہ وہ رزقِ حلال پر خصوصی توجہ دے۔ کاروبار میں اخلاق، نرم دلی، اور حسنِ سلوک کا خیال رکھیں۔ ایفائے عہد، دیانت داری، دینی اصولوں اور قوانین کا ہر حال میں خیال رکھیں۔ قانون سب کے لئے ایک ہی ہونا چاہیے تا کہ ملک ترقی کر سکے۔ اللہ پاکستان کو ہر برائی سے بچائے۔ آمین

:روبرک

| پڑھنا/بولنا مہارت کے متعلقہ سوالات کی روبرکس : | | | کل نمبر 10 |
|---|---|---|---|
| 1 | درست تلفظ کے ساتھ ادائی ہو تو (04نمبر) | پانچ غلط الفاظ پر 01 نمبر کاٹ لیں اور 2نمبرسے زیادہ نہ کاٹیں۔ (خط کشیدہ الفاظ کی ادائی پر خصوصی توجہ دیں) | جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر |
| 2 | روانی اور رفتار مقررہ وقت کے مطابق ہو تو (03نمبر)(مقررہ وقت 2سے 3 منٹ) | روانی اور رفتار مقررہ وقت میں جزوی ختم کرے یا اٹک اٹک کر پڑھے تو 01 تا 22نمبر | جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر |
| 3 | خلاصہ /مرکزی خیال /اہم نکات درست بتائے تو (03نمبر) | جزوی جواب درست ہو تو 01 تا 2نمبر | جواب بالکل غلط ہونے پر 0نمبر |

www.schoolbasedassessment.pk

سوال نمبر11:

---

آیٹم روبرک(اردو):

نمونہ جواب:

تشریح طلب شعر میں بیان کیا گیا ہے کہ جب ہم اپنے خیالات اور خوابوں میں کسی کو اہمیت دیتے ہیں یا ان کی تسکین کرتے ہیں، تو حقیقت میں یہ سب خدا کی مرضی اور اقتدار کا نتیجہ ہے۔ یعنی ہر چیز خدا کی رضا کے مطابق ہی ہوتی ہے اور ہم اس کا وسیلہ بنتے ہیں۔

www.schoolbasedassessment.pk

دوسرے مصرع میں بیان کیا گیا ہے کہ جو اقدار اور خیالات ہماری خوشیوں، غموں، اور تجربات پر پابندیاں لگا رہی ہیں، وہ خدا ہی ہماری زندگی کا حکمران ہے۔ اسی لیے بجا طور پر یہاں اشارہ کیا گیا ہے کہ ہم اپنے اختیار میں کچھ نہیں رکھتے بلکہ سب کچھ خدا کی مرضی پر منحصر ہے۔

دوسرے شعر میں بیان کیا گیا ہے کہ خدا ہماری نظروں کو، سننے کو، سمجھنے کو اور ہماری نیتوں کو بھی جانتا ہے۔ وہ ہمارے باطنی حالات کو سمجھتا ہے اور ہمارے دل کے راز تک پہچانتا ہے۔

دوسرے مصرع میں بیان کیا گیا ہے کہ جو خدا کی طرف سے نظر انداز شدہ اور بے خبر ہوتے ہوئے بھی غیر محسوس کاموں میں موجود ہے، وہی خدا ہے۔ یعنی خدا کی حضوریت ہماری لاشعوریت کے عین مابین بھی ہوتی ہے اور وہ ہمیں نہ صرف دیکھتا ہے بلکہ اس کے علم میں سب کچھ موجود ہوتا ہے۔

یہ اشعار خدا کی عظمت، اس کے علم و حکمت، اور اس کے قدرتی اقتدار کو بیان کرتے ہیں۔ ان کا مطلب ہے کہ ہم محدود اور ناتواں ہوتے ہیں جبکہ خدا بے نیاز اور مکمل ہے۔ وہ ہمارے تمام حالات اور تجربات کا مطلع ہے اور ہمیں خود پر بھروسہ کرنا چاہیے کیونکہ وہ سب کچھ جانتا ہے اور ہماری پرواہ کرتا ہے۔

| | اشعار کی تشریح کرنا(کل نمبر15) | www.schoolbasedassessment.pk | |
|---|---|---|---|
| پہلا اور دوسرا شعر تشریح 12 نمبر | پہلے شعر کی جامع تشریح (شعر میں موجود پیغام کی وضاحت) کرنے پر: 6 نمبر<br>دوسرے شعر کی جامع تشریح (شعر میں موجود پیغام کی وضاحت) کرنے پر 6 نمبر<br>یا<br>دونوں اشعار کی قطعہ بند شکل میں جامع تشریح (اشعار میں موجود پیغام کی وضاحت) ہو تو اس صورت میں دیں: 12 نمبر | پہلے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت ادھوری ہو:<br>01 تا 05 نمبر<br>دوسرے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت ادھوری ہو:<br>01 تا 05 نمبر<br>قطعہ بند شکل میں اگر دونوں اشعار میں موجود پیغام کی وضاحت ادھوری ہو تو: 02 تا 10 نمبر | پہلے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت بالکل غلط: 0 نمبر<br>دوسرے شعر میں موجود پیغام کی وضاحت بالکل غلط: 0 نمبر |
| گرامر اور رموزِ اوقاف (3 نمبر) | افعال اور علامات دونوں کا درست استعمال: 03 نمبر | اگر افعال اور علامات دونوں جزوی درست ہوں یا افعال اور علامات میں سے کسی ایک کا استعمال درست ہو: 1 نمبر | اگر افعال اور علامات دونوں بالکل غلط ہوں: 0 نمبر |

سوال نمبر 12:

www.schoolbasedassessment.pk

آئیٹم روبرک (اردو):

:نمونہ جواب

امتحانی مرکز

یکم جون ۲۰۲۳ء

!عزیز دوست

!السلام علیکم

امید کرتی ہوں آپ خیریت سے ہوں گی۔ میرا تو یہاں گرمی کے مارے جینا محال ہے۔ شکر ہے کہ گرمیوں کی چھٹیاں ہو گئی ہیں ورنہ ان دنوں سکول جانا مشکل لگتا تھا۔ چھٹیوں سے یاد آیا کہ اس بار چھٹیاں کہاں اور کیسے گزارنے کا ارادہ ہے؟ تم خط میں ضرور لکھنا کہ ان چھٹیوں کو کیسے گزارنے کا ارادہ ہے؟ میری بڑی بہن نے سالگرہ پہ مختلف مصنفین کی کتابوں کا ایک سیٹ دیا تھا۔ میں چھٹیوں کے کام سے فراغت کے بعد ان کتابوں کا مطالعہ کروں گی۔ بلکہ ایک دو کتابیں تو میں پڑھ بھی چکی ہوں۔ ان میں ایک کتاب چچا چھکن کی کہانیوں کی ہے۔ جن کا ایک سبق اس بار ہماری اردو کی کتاب میں موجود ہے۔ بہت مزے کی کتاب ہے۔ مصنف نے کیا خوب ہی یہ کردار تخلیق کیا ہے۔ چچا چھکن کا کردار اپنے آپ میں ایک جہاں بسائے ہوئے ہے۔ چچا چھکن کام سنوارنے کی کوشش میں کام بگاڑ دیتے ہیں۔ اب مزید کیا بیان کروں؟ بہتر ہو گا کہ تم خود ہی اس کتاب کو پڑھو اور مجھے اپنی رائے سے آگاہ کرنا مت بھولنا۔ یقیناً تمھیں بھی یہ کتاب پسند آئے گی۔ اب خط کو مزید طول نہیں دیتی، مجھے اجازت دو۔

گھر میں سب کو میرا سلام دینا۔

تمھاری دوست

www.schoolbasedassessment.pk

ا۔ب۔ج

| خط لکھنا: کل نمبر 10 | | | |
|---|---|---|---|
| ابتدائیہ: کل نمبر 03 | | | |
| الف۔ مقام روانگی | کمرا امتحان، امتحانی مرکز، سنٹر وغیرہ / شہر گاؤں وغیرہ کا نام: 01 نمبر | اگر جزوی درست لکھا ہو: صرف امتحان / مرکز / سنٹر / شہر / گاؤں وغیرہ لکھا ہو: 2 / 1 نمبر | بالکل نہ لکھے یا بالکل غلط لکھے: 0 نمبر |
| ب۔ تاریخ | تاریخ کو صحیح لکھنا۔ مہینا لفظوں میں لکھنا ضروری ہے (01 نمبر) | 8 فروری 2021ء<br>8- فروری 2021ء<br>۱۲۔ جنوری ۲۱۲۱ء<br>یہ تینوں طریقے درست ہیں (01 نمبر) | ان طریقوں کے علاوہ کسی بھی طرح سے لکھی گئی تاریخ کو صفر نمبر دیں۔<br>0 نمبر |
| القابات / طرز تخاطب | علامت ندائیہ کے ساتھ لکھے گئے ہوں مثلاً میرے پیارے بھائی! وغیرہ: 01 نمبر | اگر القاب یا علامت ندائیہ دونوں میں سے ایک درست ہو: 2 / 1 نمبر | القاب یا علامت ندائیہ دونوں بالکل غلط ہوں یا نہ لکھے ہوں: 0 نمبر |
| نفسِ مضمون: 05 نمبر www.schoolbasedassessment.pk | | | |
| الف۔ نفسِ مضمون | خط کا نفسِ مضمون عام فہم ہو، جملوں کی ساخت درست ہو اور جملے باہم مربوط ہوں: 03 نمبر | اگر دو اجزا درست ہوں: 02 نمبر<br>اگر ایک جز درست ہو: 01 نمبر | تینوں اجزا بالکل غلط ہوں: 0 نمبر |
| ب۔ گرامر اور رموزِ اوقاف | افعال کا زمانے کے لحاظ سے استعمال درست ہو۔<br>اور رموزِ اوقاف کا بھی درست استعمال ہو: 02 نمبر | اگر گرامر اور رموز اوقاف میں سے کوئی ایک درست ہو تو: 1 نمبر | افعال اور علامات دونوں غلط ہوں:<br>صفر نمبر |
| اختتامیہ: کل نمبر 2 www.schoolbasedassessment.pk | | | |
| الف۔ نام | حروف ابجد الف ب ج / صرف طالب علم / صرف طالبہ / نام اسد، آمنہ وغیرہ رول نمبر۔ 1 نمبر | حروف اے۔ بی سی یا حروف ایکس وائی زیڈ لکھے ہوں: 1 / 2 نمبر | بالکل غلط لکھا ہو: 0 نمبر |
| ب۔ پتا | جماعت اور سکول کا نام / گھر کا پتا / پوسٹ بکس نمبر / کسی رشتے دار یا دوست کا پتا وغیرہ: 1 نمبر | حروف اے بی سی یا ایکس وائے زیڈ / صرف جماعت / صرف سکول کا نام / صرف ادھورا پتا لکھا ہو تو: 1 / 2 نمبر | بالکل غلط لکھا ہو: 0 نمبر |

www.schoolbasedassessment.pk